## بلوچستان، سندھ اور صوبہ سرحد کے سیلاب اور قیامت خیز بارشوں سے
## متاثرہ علاقوں کو فوری طور پر آفت زدہ قرار دیا جائے۔الطاف حسین
## متاثرہ علاقوں کے ٹیکس معاف کئے جائیں، امدادی کارروائیوں کو تیز کیا جائے، متاثرین کی ہرممکن مدد کی جائے
## سیلاب، طوفانی اور قیامت خیز بارشوں کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر افسوس کا اظہار

لندن۔۔۔29 جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر جنرل پرویز مشرف، وزیر اعظم شوکت عزیز اور وفاقی کابینہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ صوبہ بلوچستان، صوبہ سندھ اور صوبہ سرحد کے سیلاب اور قیامت خیز بارشوں سے متاثرہ علاقوں کو فوری طور پر آفت زدہ قرار دیا جائے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ قیامت خیز سیلاب کے باعث صوبہ بلوچستان کے کئی شہر مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہیں، سو سے زائد افراد جاں بحق اور سینکڑوں تاحال لاپتہ ہیں اور سینکڑوں افراد اب بھی پانی میں گھرے ہوئے ہیں، پوری پوری آبادیاں مٹ چکی ہیں، سڑکیں، پل اور مواصلات کا نظام تباہ ہو چکا ہے۔اسی طرح قیامت خیز طوفان، سیلاب اور بارشوں سے صوبہ سندھ کے ساحلی علاقے اور صوبہ سرحد کے بیشتر علاقے بھی بری طرح متاثر ہوئے ہیں اور وہاں بھی بڑے پیمانے جانی و مالی نقصانات ہوئے ہیں، املاک کو شدید نقصان پہنچا ہے اور کئی بستیاں مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ قدرتی آفت سے بڑے پیمانے پر آنے والی اس تباہی کے پیش نظر صوبہ سندھ، بلوچستان اور صوبہ سرحد کے سیلاب اور قیامت خیز بارشوں سے متاثرہ علاقوں کو فوری طور پر آفت زدہ قرار دیا جائے، ان علاقوں کے عوام کے ٹیکس معاف کئے جائیں اور سیلاب میں گھرے ہوئے علاقوں کے عوام کو بچانے کیلئے امدادی کارروائیوں کو تیز کیا جائے اور قدرتی آفت سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کیلئے متاثرین کی ہرممکن مدد کی جائے۔جناب الطاف حسین نے صوبہ سندھ، بلوچستان اور صوبہ سرحد میں سیلاب، طوفانی اور قیامت خیز بارشوں کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر افسوس کا اظہار کیا اور جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی دکھ اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ قدرتی آفت میں جاں بحق ہونیوالے افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## حق پرست عوام ذکیہ افسار کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔29 جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم حیدرآباد زون سیکٹر ایچ کے رکن افسار آرائیں کی اہلیہ محترمہ ذکیہ افسار کی شدید علالت پر گہرے تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ ذکیہ افسار کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 179 کے کارکن محمد پرویز عثمانی کی والدہ محترمہ حمیرہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

## ڈاکٹر فاروق ستار اور شعیب بخاری ایڈوکیٹ کا صدر، کورنگی اور لانڈھی ٹاؤن کا دورہ

## بارش سے متاثرہ عوام سے ملاقاتیں، صفائی ستھرائی کے کام اپنی نگرانی میں کرائے اور زخمیوں کی عیادت کی

کراچی۔۔۔29، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کراچی میں آنیوالی آندھی، طوفان اور تسلسل سے ہونیوالی شدید طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کی امداد کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔شہر بھر میں حق پرست نمائندے اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان پر مشتمل مختلف ٹیموں نے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے عوام سے ملاقاتیں کیں اور صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔اس سلسلے میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز اور قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے صدر ٹاؤن کے علاقے ایمپریس مارکیٹ اور برنس روڈ کا تفصیلی دورہ کیا،عوام سے ملاقات کی اور صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید شاکر علی ،صدر ٹاؤن کے ناظم محمد دلاور، علاقائی سیکٹرز و یونٹوں کے کارکنان اور متعلقہ اداروں کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے برنس روڈ اور ایمپریس مارکیٹ کے مکینوں اور دکانداروں کے مسائل معلوم کیے اور انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے موقع پر موجود متعلقہ اداروں کے اہلکاروں کو ہدایات جاری کیں۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جو ڈرائنگ روم کی سیاست کے بجائے عوام کی عملی خدمت کر رہی ہے اور سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، حالیہ بارشوں سے متاثرہ عوام کی بلاتفریق اور بے لوث خدمت اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے نمائندوں نے دن رات محنت کر کے شہر کو آندھی اور طوفانی بارشوں کے بعد ہونیوالی تباہی اور اجڑنے سے بچایا اور مسلسل چوبیس چوبیس گھنٹے شہریوں کی پریشانیوں کے حل کیلئے امدادی کام کیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت متحدہ قومی موومنٹ کا شعار ہے اور وہ اس پر عمل پیرا ہو کر یہ فریضہ انجام دیتی رہے گی۔رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر سید شعیب بخاری نے کورنگی ٹاؤن اور لانڈھی ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور آندھی اور شدید طوفانی بارشوں کے باعث مکان کی چھت گرنے سے زخمی ہونیوالے افراد کی عیادت کی۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی عامر معین پیرزادہ اور کورنگی ٹاؤن کے ناظم عارف خان ایڈوکیٹ کے علاوہ ایم کیو ایم کے علاقائی ذمہ داران وکارکنان اور متعلقہ اداروں کے اہلکار بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، وفاقی وزیر سید صفوان اللہ اور صوبائی وزیر شبیر قائم خانی کا عثمان ٹیکری گوٹھ، ابراہیم حیدری اور چارن پاڑہ میں لگائے گئے طبی کیمپوں کا دورہ، بارش متاثرین سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔29، جون 2007ء

خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں وبائی امراض کی روک تھام اور متاثرین کو طبّی سہولیات کی فراہمی کیلئے مفت طبّی امدادی کیمپوں کا انعقاد کیا گیا ہے جہاں ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان عوام کو طبّی امداد اور ادویات فراہم کر رہے ہیں۔طبّی امدادی کیمپوں پر عوام کا زبردست رش لگا رہا اور سینکڑوں خواتین، بچوں اور بزرگوں نے میڈیکل کیمپ پہنچ کر اپنا مکمل چیک اپ کروایا اور بھاری مالیت کی ادویایات بھی مفت حاصل کیں مریضوں کی بڑی تعداد گیسٹرو، سینے کی جلن، قے، آنکھوں کی سوزش، پیٹ کے درد اور دیگر وبائی امراض میں مبتلا تھی۔میڈیکل کیمپس رات گئے تک جاری رہے۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے گڈاپ ٹاؤن عثمان ٹیکری گوٹھ میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کے طبّی امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور مریضوں کو طبّی امداد کی فراہمی کا جائزہ لیا۔انہوں نے فرائض انجام دینے والے میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان سے بھی ملاقات کی اور دکھی انسانیت کی خدمت پر انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا انہوں نے کیمپ پر آنیوالے مریضوں سے بھی ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔اس موقع پر کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ اور گڈاپ ٹاؤن کے سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔دریں اثناء حق پرست وفاقی وزیر سید صفوان اللہ اور حق پرست صوبائی وزیر شبیر احمد قائم خانی نے ایم کیو ایم کے تحت گڈاپ اور ابراہیم حیدری میں لگائے گئے طبی کیمپوں کا دورہ کیا اور بارش کے متاثرین سے ہمدردی کا اظہار کیا۔سید صفوان اللہ ایم کیو ایم کی جانب سے الہ آباد گوٹھ یوسی 4 گجرو گڈاپ میں لگائے گئے طبی کیمپ پر گئے اور یہاں بارش کے متاثرین کو فراہم کی جانے والی علاج ومعالجہ کی سہولیات کا جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے سینکڑوں متاثرین میں کھانا بھی تقسیم کیا۔بعدازاں سید صفوان اللہ نے خادم حسین سولنگی گوٹھ میں بارش کے باعث دیوار گرنے کے حادثے میں جاں بحق ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکن کرم حسین کے صاحبزادے ارشد حسین کی رہائشگاہ جا کر سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔اسی طرح صوبائی وزیر شبیر احمد قائم خانی نے ابراہیم حیدری کے علاقے چارن پاڑا میں لگائے گئے ایم کیو ایم کے طبی کیمپ کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے طبی کیمپ پر علاج ومعالجہ کی غرض سے آنے والے چارن پاڑہ کے علاوہ لاشاری پاڑہ، لاسی پاڑہ، عمسر کالونی، خاصخیلی محلّہ، علی اکبر شاہ گوٹھ کے مکینوں سے ملاقاتیں کیں اور انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے طبی کیمپ پر خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے عملہ کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کے جذبہ کو سراہا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی اور پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆